Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۲ جمادی الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۷ مارچ ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

دربارۂ آسامی اہلمدی کلیات

یہ کاغذات پیش ہوئے محمد اسحاق اہلمد کلیات مشاہرہ ۱۰ روپیہ ماہوار کا ۳ مارچ کو انتقال ہوگیا ہے اس کی جگہ خالی ہے۔ شمو خاں پدر متوفی نے بیٹے سردار خاں اپنے عزیز کے تقرر کی درخواست دی ہے۔ رپورٹ سررشتہ دار صدر و حاکم صاحب صدر سے سردار خاں کام انجام دینے کے

قابل معلوم ہوا کہ سردار خاں محرر مویشی خانہ تھا اور صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر نے ۲۰ مارچ کو تحریر فرمایا ہے کہ سردار خاں کو صیغہ مال میں جگہ دیجائے تو مجھکو کوئی اعتراض نہیں ہے لہذا

حکم ہوا کہ

بوجہ فوتی محمد اسحاق کا نام ۲۰ مارچ سے صیغۂ ملازمت سے خارج کیا جائے اور بجائے اسکے سردار خاں کا تقرر بمشاہرہ [illegible] ماہوار منظور ہے سردار خاں اہلمد کلیات کا کام انجام دے چھ ماہ تک اہلمدی کلیات کا کام لیکر سردار خاں سے دیکھا جائے اگر اس عرصہ میں سردار خاں نے اہلمدی کلیات کا کام اچھا انجام دیا تو اہلمدی پر رکھا جائے گا ورنہ معاون بنا دیا جائے گا۔ نامبردہ کو اطلاع دیجائے۔ دو روپیہ جو محمد اسحق متوفی کی تنخواہ سے باقی ہے اس میں سے ایک روپیہ ماہوار عبد الحفیظ معاون اہلمد کلیات کی تنخواہ میں اضافہ کیا جائے اب عبد الحفیظ کی تنخواہ معہ اضافہ [illegible] ماہوار ہوگی اور ایک روپیہ ماہوار محمد رضا خاں اہلمد نزول مشاہرہ [illegible] ماہوار کی تنخواہ میں اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ بعد چھ ماہ حاکم صاحب صدر دفتر دار صاحب صدر نسبت کارکردگی سردار خاں اطلاع دیں احکام ضابطہ جاری ہوں نقل حکم باجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر بھیجی جائے

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

برخاستگی

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس برکت اللہ ہیڈ کانسٹبل برخاست کیا گیا اور بجائے اسکے سمیع اللہ کلارک کو دو روپیہ ماہوار اضافہ دیکر بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

کاغذات شکایت منشی آغا نواب اہلمد مرسلہ صاحب مجسٹریٹ ضلع دیکھے گئے۔ اہلمد مذکور کا قصور بالکل صاف و ظاہر ہے جو اُسکے حوالہ رپورٹ میں بھی تسلیم کیا گیا ہے یعنی اُسنے تعمیل حکم نسبت کرنے کام سے دوران تعطیل میں انکار کیا۔ اور بعد ازاں متمردانہ طریقہ سے اُسپر قائم رہا۔ اُسکا اس قسم کا انکاری نفس گستاخی بھی ہے اور اسکی رپورٹ بعض گستاخانہ مضامین پر مشتمل ہے جس سے تصدیق ایک حد تک اس کی ہوتی ہے کہ زبانی گفتگو میں اُس نے غرور و عدم ادب سے تجاوز کیا ہوگا اسکے علاوہ صاحب مجسٹریٹ ضلع خود اسکی گستاخی کو بصراحت بیان کرتے ہیں۔ اگر صاحب موصوف نے اہلمد پر سختی کی بھی ہو تو بوجہ اپنے تمرد و عدول و گستاخی کے وہ خود اُس کا مستوجب اور ذمہ دار ہے۔ اُس کی رپورٹ سراسر غیر متعلق امور سے پُر ہے اور ضرورت اس کی ہے کہ اہلمد مذکور کو اس متمردانہ و گستاخانہ حرکت کی سزا اسکو دیجائے۔ نیز اسکی درخواست تبادلہ جو اسی رپورٹ کے آخیر میں درج ہے ہرگز لائق منظوری نہیں ہے اگرچہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کو بھی اُس سے اختلاف نہیں ہے کیونکہ ایسے نازیبا حرکات اگر وجہ منظوری تبادلہ قرار دیے جاوینگے تو گویا ایسے حرکات کو ترجیح دینا اور اُنکی ترغیب لانا ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ ۱۵ مارچ ہذا و اُسکے بعد کی تعطیلات کی تنخواہ بطور غیر حاضری منشی آغا نواب اہلمد سے وضع کیجائے اور اس کے علاوہ تین روپیہ جرمانہ کیا جائے اور اہلمد مذکور کو آئندہ ایسے حرکات سے احتراز کرنیکی ہدایت کی جائے ورنہ زیادہ سختی سے تدارک کیا جائے گا نیز اسکو ہدایت کی جائے کہ فوراً صاحب مجسٹریٹ ضلع سے صاف طور پر مؤدبانہ طریقہ سے عفو تقصیر چاہے۔ روبکار ہذا بنابر اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ مارچ لغایت ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار	۸۰ ار	۸ ار	۷۰ ار	۸ ار	۸ ار	
نخود خالص	۱۰ ار	۱۱ و ۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۰۰۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار	۱۰۰۱۰ ار	۱۱ ار	
کسہ	۰	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱۰ ار	
ماش	۷۰ ار	۸ و ۹ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	۸ ار	
مونگ	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۷ ار	۷۰ ار	۷۰ ار	
مکا	۱۴۰ ار	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۵۰ ار	
جئی	۱۲ ار	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	
گوجئی	۰	۰	۹ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	
عدس	۸ ار	۰	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۰	
ارہر	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	
برنج	۶ ار	۶ ار	۷ و ۶ ار	۶۰ ار	۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۲ ار	۳ ار	۲۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۲ ار	۲ ار	۱ ار	۲ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۸ ار	۹ ار	۳۰۱ ار	
قند سیاہ	۵۰ ار	۷ ار	۵ ار	۵۰ ار	۵۰ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۱۰ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور